RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۴	روز دوشنبہ تاریخ ۹ مئی سنہ ۱۸۹۲ء مطابق ۱۱ شوال سنہ ۱۳۰۹ ہجری	نمبر ۱۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	حکم اجلاس کامل انتقال تنخواہ محمد عطاء اللہ خاں صاحب و مولوی ظہور الحق صاحب	۱ و ۲
۲	حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر تقرر بابو [illegible]	۲
۳ و ۴	حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر اضافہ [illegible]	۲
۵	روبکار صاحب پریزیڈنٹ بہادر درباب [illegible]	۲
۶	حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر [illegible]	۳
[illegible]	نقشہ جات [illegible]	ضمیمہ

حکم اجلاس کامل واقع ۲۵ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

آج نوٹ صاحب ریونیو ممبر بہادر مورخہ ۲۴ اپریل سنہ حال نسبت انتقال تنخواہ محمد عطاء اللہ خاں صاحب حاکم عدالت خفیفہ و مولوی محمد ظہور الحق صاحب افسر انشاء کونسل میں پیش ہو کر بالاتفاق تجویز ہوا کہ —

۱ — محمد عطاء اللہ خاں صاحب کی تنخواہ [illegible] صیغہ جوڈیشل سے ملا کرے۔

۲ — مولوی محمد ظہور الحق صاحب کی تنخواہ [illegible] روپیہ صیغہ سالانہ انشاء سے (متعلقہ بجٹ صاحب پریزیڈنٹ بہادر) ملا کرے اور [illegible] روپیہ ماہوار مد استام سے (متعلقہ بجٹ صاحب ریونیو ممبر بہادر) ملا کرے —

ایک ایک نقل اس روبکار کی خدمت میں صاحب سکرٹری بہادر کونسل و نواب جوڈیشل ممبر بہادر و صاحب پریزیڈنٹ کونسل تعلیم کو مرسل ہو۔ اصل مثل با اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر بھیجی جاوے۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

نقل روبکار بہ اطلاع پاس صاحب جج اور دیوان العدالت مرسل ہو و نقل ثالث گزٹ میں شائع ہووے۔ ۲۸ اپریل ۱۸۹۲ء

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

تقرر

۳ مئی ۱۸۹۲ء

حسب تحریک صاحب نائب مہتمم سررشتہ تعلیم تقرر بابو پریرہ چند بنرجی ہیڈ ماسٹر اسکول مدرسہ بجائے منشی سراج الدین ہیڈ ماسٹر اسکول انگریزی ریاست رامپور بمشاہرہ صد روپیہ ماہوار ۱۲ اپریل سے منظور کیا گیا۔

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر

اضافہ

۲۷ اپریل ۱۸۹۲ء

حسب تجویز امر منظورہ بوجہ سفارش حاکم عدالت خفیفہ عبد الغفار خان پیشکار خفیفہ کا بنظر حسن انجام خدمات پانچ روپیہ ماہوار یکم مئی سنہ حال سے اضافہ کیا گیا۔ پیشکاران تحصیل کے لیے جو الاؤنس خیرہ مقرر ہے وہ بباعث تفویض خدمات مال و دیوانی و فوجداری سب کے ہے۔ یہاں کوئی الاؤنس کا قاعدہ جاری نہیں ہو سکتا۔

ایضاً

۱۰ اپریل ۱۸۹۲ء

بملاحظہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر یار دوست حاکم عدالت خفیفہ بوجہ ہوشیاری و سفارش مستحق ہمراہ عدالت خفیفہ یکم مئی سنہ حال سے دو روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ جگن لال اہلمد خفیفہ کا کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر

واقع ۲۶ اپریل ۱۸۹۲ء

خارجی طور پر معلوم ہوا ہے کہ شہر رامپور میں اکثر پتنگ بازی کی لوگ ممانعت کرتے ہیں اور پتنگ نہیں اڑانے دیتے چونکہ یہ پرانی رسم یہاں کی ہے اسلیے ہم رسم قدیمی کا انسداد پسند نہیں کرتے وہ لوگ اپنے اشغال جاری رکھنے میں بپابندی احکام مجریہ آزاد سمجھے جاویں البتہ پولس کا فرض ہے کہ حفظ امن کا انتظام رکھے۔

حکم ہوا کہ

ہرگز پتنگ بازی کی ممانعت نہ کی جاوے آزادانہ لوگ پتنگ بازی کیا کریں بطور ایک کھیل کے لیکن فساد نہونے پاوے پولس ذمہ دار ہے روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور پولس سے اسکے موافق چند قطعہ اشتہارات عام گذرگاہوں پر چسپاں کرائے جاویں نقل اشتہار لکھا گیا۔

حکم صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر ثبت روبکار محکمہ انہار
واقعہ ۳ مئی ۱۸۹۲ء

احکام حسب ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہووے

روبکار اجلاس صاحب مجسٹریٹ بہادر انہار
واقعہ ۲۸ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

چونکہ معاملہ اخذ محصول آراضیات جنکی آبپاشی انہار جدید کوسی و بہلا و نابل و گانگن سے ہوتی ہے — اور آئندہ ہوگی ایک عرصہ سے زیر بحث چلا آتا ہے جناب کونسل اس محصول کی ترمیم و تشخیص شروع سال آئندہ یعنے یکم اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء سے ہوگی متعلقہ اجرا کاغذات تیار ہو چکے ہیں اور نہر محصول کی جانہ پڑی نہر گانگن اور نہر کوسی پر حسب محصول مشتہرہ سابق کیجاوے — اور نہر بہلا اور نہر گانگن پر پٹہ مقررہ قدیم اس سال لیا جاوے — الا ان مواضعات جدید نہر بہلا پر جنکی آبپاشی کی صرف اس فصل میں نئی ہوئی ہے حسب شرح قدیم ریاست صرف بحساب دو آنہ فی بیگہ پانی سے بیگہ جنام توڑ اور دو آنہ فی بیگہ جنام ڈال بلحاظ جنس فصل ہر ایک حال کا محصول اخذ ہونا چاہئے —

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بجہت منظوری باجلاس صاحب چیف جج ممبر بہادر و صاحب چیف انجینیر بہادر پیش ہووے اور گزارش کیا جاوے کہ بغرض اطلاع تحصیلدار محال و مستاجران دیہات و کاشتکاران عام بعد منظوری درج گزٹ ریاست فرماوین — اور اجرا سے پروانجات علاقہ داران نہر کوسی و گانگن و بہلا کو اس حکم سے بنابر تکمیل کاغذات اطلاع دیجاوے — فقط

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳ لغایت ۹ مئی سنہ ۱۸۹۲ عیسوی

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل بہ مذہب		تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل بہ مذہب		تفصیل امراض				
	مسلم	ہنود	مسلم	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود					میزان
شہر رامپور	۲	۱	۳	۱	۱۱	۹	۲	۵	۲	۱	۰	۳	۴	۹	۱۰	۱۲	۵	۰	۳	۸	۸	۱۹
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
شاہ آباد	۹	۱۵	۶	۱۳	۳۴	۱۴	۲۰	۱۳	۱۴	۰	۰	۹	۶	۱۹	۲۰	۲۷	۱۲	۰	۱۶	۱۴	۹	۳۹
ٹانک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ٹانڈہ	۲	۵	۵	۵	۲۱	۱۱	۱۰	۵	۸	۱	۳	۱۵	۰	۲۱	۱۷	۱۸	۱۹	۱۰	۱	۰	۲۶	
میزان	۲۰	۲۱	۱۴	۱۹	۴۳	۳۴	۳۰	۲۳	۲۹	۲	۳	۲۴	۱۵	۴۹	۴۰	۵۹	۳۶	۱۰	۲۰	۲۲	۴۳	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳ لغایت ۹ مئی سنہ ۱۸۹۲ عیسوی

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳	۱۴	۱۵	۰	۱۶	۱۵	
نخود دال	۱۹	۲۱	۲۰	۰	۲۱	۱۹	
نخود ثابت	۲۱	۲۲	۲۲	۰	۲۲	۰	
جو	۲۲	۲۲	۲۴	۰	۲۵	۰	
ماش	۱۴	۱۴	۱۳	۰	۱۲	۱۳	
موٹھ	۱۴	۱۴	۱۳	۰	۱۴	۱۳	
مکا	۰	۰	۰	۰	۳	۰	
جئی	۲۵	۲۲	۲۵	۰	۳۰	۲۵	
کودھی	۱۹	۱۷	۲۰	۰	۲۰	۲۰	
مسور	۰	۲۲	۲۴	۰	۲۵	۲۰	
ارہر	۲۶	۲۵	۲۴	۰	۳۰	۳۰	
برنج	۱۱	۱۰	۱۰	۰	[illegible]	[illegible]	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۱	۱	
روغن سیاہ	۳	۳	۳	۰	[illegible]	[illegible]	
روغن تلخ	۰	[illegible]	۰	۰	۲	۱	
نمک سانبھر	[illegible]	۹	[illegible]	۰	۸	۸	
نمک لاہوری	۰	۷	۰	۰	۶	۷	
قند سیاہ	۱۰	۰	۱۰	۰	۱۱	۹	